اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

## ”سفرِ مدینہ میرے مولٰی نصیب ہو“ کے 22 حروف کی نسبت سے مجلس ذرائع آمد و رفت (ٹرانسپورٹ) کے 22 مدنی پھول

**فرمانِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ ۔یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الكبير للطَبَراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے مجلس ذرائع آمدورفت کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”72 مدنی انعامات“ میں سے ”مدنی انعام نمبر 1“ پرعمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے مجلس ذرائع آمدورفت کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ۔

﴿2﴾ **مجلسِ ذرائع آمدورفت** کا کام ایئر لائنز، ایئر پورٹ، ریلوے، پبلک و پرائیویٹ ٹرانسپورٹ، گڈز اسٹیشن اور ان سے تعلق رکھنے والے مختلف اسٹینڈز (مثلاً: بس، ٹیکسی، موٹر سائیکل اور سائیکل اسٹینڈ)، ٹرک اڈا، تمام قسم کی ورکشاپ، سپیئر پارٹس دوکانیں، مارکیٹ اور شوروم (مثلاً کار، رکشہ، موٹر سائیکل اور سائیکل) وغیرہ سے وابستہ اسلامی بھائیوں میں عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مدنی پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدَنی مقصد ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزّوَجلَّ“ کے مطابق زندگی گزارنے کا مدنی ذہن دینا ہے۔

﴿3﴾ **مجلسِ ذرائع آمدورفت** کے تمام ذِمہ داران، رشوت، تعلقات، پردہ، حقوقِ مسلمین اور مُدَاھَنَت (”**بُرائی کے مٹانے پر قُدرت کے باوجود شرم یا بے حمیتی یا جانب داری کی وجہ سے خاموش ہونا**“، مداہنت میں نفس کے لیے لوگوں سے مختلف قسم کے منافع اور حصولِ دُنیا کرتے ہوئے دِین میں بے باکی کا اِظہار ہے، (ماخوذ: اشعة اللمعات مترجم ج6 ص229 تا 230)) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: فیضانِ سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ☆ **پردے کے بارے میں سوال جواب** ☆ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ”دارالافتاء اہلسنّت“ سے ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

﴿4﴾ مجلس کے ذِمہ داران، ذرائع آمدورفت سے تعلق رکھنے والی مختلف شخصیات سے پیشگی وقت لیکر ملاقات کریں۔

❁ بہتر یہ ہے کہ ملاقات کے لئے دو/تین اسلامی بھائی مل کر جائیں، ملاقات کی ابتداء میں اپنا تعارف یعنی تنظیمی ذِمہ داری اور ضرورتاً اپنی تعلیمی قابلیت (Educational Qualification) بیان کرنا مفید ہے ❁ دورانِ ملاقات **دعوتِ اسلامی** کے مدنی کاموں اور شعبہ جات مثلاً مدنی چینل، شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، مجلس اسپیشل افراد اور مجلس اِصلاح برائے قیدیان وغیرہ کا تعارف کروائیں نیز شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات سے آگاہ کریں اور موقع پاتے ہی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید یا طالب بنائیں اور شجرہ عالیہ قادریہ، رضویہ ضیائیہ، عطاریہ تحفۃً پیش کریں ❁ دورانِ گفتگو اُن کی ہر بات پر ہاں میں ہاں ملائیں نہ سر ہلا کر تائید کریں، اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر گفتگو سے **مکمل اِجتناب** کریں۔ **اِنفرادی کوشش** کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰی، اِخلاص اور اخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو کریں نیز انبیاء و صحابہ و اولیاء (علیهم الصلوة والسلام وعليهم الرضوان) کی اِسلام کی خاطر قربانیاں اور اِصلاحِ امت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی دامت برکاتہم العالیہ کے کردارِ باصفا جیسے عنوانات پر ہی گفتگو کریں۔ شخصیات سے اپنا ذاتی کام ہرگز نہ کہا جائے۔ ملاقات کا دورانیہ مناسب ہو، اگر وہ دلچسپی ظاہر کریں تو مزید وقت بڑھا دیں اور اِن سے تحریری، آڈیو یا ویڈیو تأثرات حاصل کر کے مع تفصیلات مجلس مدنی چینل کو اِرسال/ای میل فرما دیں۔

﴿5﴾ حدیثِ پاک میں ہے ”تَهَادَوْا تَحَابُّوْا“ یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج٢، ص٤٠٧، رقم ١٧٣١) پر عمل کی نیت سے حسبِ استطاعت ذاتی طور پر اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مکتبۃُ المدینہ کے مطبوعہ کتب و رسائل، USB اور میموری کارڈز وغیرہ شخصیات کو ملاقات کے آخر میں پیش کریں۔ جو چیز پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں نوٹ کر لیں تاکہ آئندہ ملاقات میں کوئی اور چیز پیش کی جا سکے ❁ مضبوط اور مستقل رابطہ مجلس کے مدنی کام کی جان ہے۔ جن سے ملاقات ہو اُن کا نام اور فون نمبر وغیرہ حاصل کر کے فہرست مرتب کریں اور بالمشافہ، Whatsapp، SMS اور Email ضرورتاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔ ان کا ای میل ایڈریس مجلس آئی۔ٹی کو دیں تاکہ وہ مدنی پھول روانہ کرتی رہے ❁ شخصیات کی مکمل معلومات مثلاً نام، پوسٹل ایڈریس اور فون نمبر وغیرہ اپنی کابینہ/مشاورت کے نِگران اور نِگرانِ مجلس ذرائع آمدورفت کو بھی پیش کریں تاکہ مدنی مرکز کی طرف سے ضرورتاً اُن سے فوری رابطہ کیا جا سکے ❁ شخصیات کے ہاں بیماری، پریشانی اور فوتگی کے مواقع پر غمخواری (عیادت و تعزیت) کی ترکیب کریں مثلاً تعویذات اور مکتوباتِ عطاریہ، فوتگی پر غسلِ میت، جنازہ، تدفین، سوئم، چہلم و برسی پر محفلِ نعت اور ایصالِ ثواب کی ترا کیب

وغیرہ کریں۔

❁ ربیع الاوّل، گیارہویں شریف، رمضان المبارک اور سفرِ مدینہ (حج وعمرہ) وغیرہ موقع کی مناسبت سے شخصیات کے گھروں پر محفلِ نعت کی ترکیب کر کے نیکی کی دعوت کی خوب خوب دُھومیں مچائیں۔ (محفلِ نعت کا شیڈول: تلاوت:5 مِنَٹ، نعت:5 مِنَٹ، بیان:19 تا 26 مِنَٹ، دعا:5 مِنَٹ، سلام:3 مِنَٹ، ملاقات و انفرادی کوشش:41 مِنَٹ) میزبان کا پہلے سے ہی ذہن بنا کر تقسیمِ رسائل (مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتب و رسائل اور میموری کارڈز) کی ترکیب کریں۔

(**نوٹ**: محفلِ نعت اور دیگر مفید معلومات کے لیے رسالہ "**شیطان کے بعض ہتھیار**" ص 10 تا 12 کا مطالعہ بے حد مُفید رہے گا)

❁ **مخصوص مواقع** (Events) مثلاً (اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد، اجتماعِ غوثیہ، رمضان اعتکاف، مدنی مذاکرے اور OB وین اِجتماعات وغیرہ) میں شرکت کی اِنفرادی طور پر دعوت دینے کے ساتھ ساتھ ایئر پورٹ، ریلوے و گُڈز اسٹیشن اور بس و ٹیکسی اسٹینڈ وغیرہ نمایاں مقامات پر اگر پینا فلیکس بینر آویزاں کیے جائیں تو کیا بات ہے۔۔

﴿6﴾ **مجلس ذرائع آمدورفت** سے وابستہ اسلامی بھائیوں کے بچوں / بچیوں کو باعمل عالم / عالمہ اور حافِظ / حافِظہ بنانے کے لیے مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ اور جامعۃ المدینہ میں داخلوں کی ترکیب بنائیں۔

﴿7﴾ **مجلسِ ذرائع آمدورفت کے** ذِمہ داران اس شعبے سے تعلق رکھنے والے اِسلامی بھائیوں کو ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کروائیں اور ہفتہ وار اجتماع میں ان کے مدنی حلقے لگائے جائیں۔ ذرائع آمدورفت کے ہر شعبے (مثلاً ایئر لائنز، ریلوے، پبلک / پرائیویٹ ٹرانسپورٹ، گڈز اسٹیشن اور ٹیکسی اسٹینڈ وغیرہ) کا مدنی حلقہ الگ الگ لگنا زیادہ مفید ہے۔ (اوّلاً اجتماعی مدنی حلقہ لگائیں اور جب مدنی حلقے لگنے میں پابندی ہوجائے اور ذِمہ داران باقاعدہ اس شعبے سے وابستہ اسلامی بھائیوں کو لائیں گے تو اس وقت یہ الگ الگ ہونا زیادہ مفید ہوگا)

﴿8﴾ **مجلسِ ذرائع آمدورفت کے** اِسلامی بھائیوں کو ذہن دیں کہ ہمیں اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دِن شیڈول کے مطابق قافلے میں سفر کرنا اور کروانا ہے۔ **مجلسِ ذرائع آمدورفت کے** قافلے مجلسِ قافلہ کے مشورے سے اِن سے متعلقہ مقامات (ایئر پورٹ، ریلوے و گُڈز اسٹیشن، بس اور ٹیکسی اسٹینڈ وغیرہ) کی مساجد میں ٹھہرائے جائیں جہاں ٹرانسپورٹ سے متعلقہ اِسلامی بھائی زیادہ سے زیادہ مل سکیں یہ ممکن نہ ہو تو ان کی قریبی مساجد میں ترکیب بنائیں۔

﴿9﴾ **مجلس** ذرائع آمدورفت کے ذِمہ داران، ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کی بھرپور کوشش کریں ❁ ذرائع آمدورفت سے متعلقہ مقامات پر مدنی درس (درسِ فیضانِ سنت) ضرور دیجئے اور جہاں ہوسکے مدرسۃ المدینہ بالغان کی ترکیب بنایئے۔ مثلاً بس اسٹینڈ / ریلوے اسٹیشن سے ملحقہ مسجد، بس اڈا، مختلف اسٹینڈ، دفتر، ہوٹل، کینٹین، مارکیٹ، ورکشاپ، شوروم، ریلوے اسٹیشن اور پٹرول پمپ وغیرہ پر کوشش کر کے ترکیب بنائیں ❁ **مجلسِ ذرائع آمدورفت** کے مختلف مقامات پر تقسیمِ رسائل، مکتبۃ المدینہ اور مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کے بستہ کی ترکیب، USB، میموری کارڈز اور مدنی چینل چلوانے کی ترکیب (علاوہ مسجد و فنائے مسجد) نیز مدنی عطیات بکس (Box) وغیرہ کی ترکیب ضرور بنائی جائے۔

﴿10﴾ **مدنی انعامات، قافلہ، مختلف کورسز اور تقرری کے ماہانہ اھداف**: مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نِگران کے مشورے سے مدنی انعامات، قافلوں، اِصلاحِ اعمال کورس، **12 مدنی کام کورس، مَدَنی تربیتی کورس** اور **فیضانِ نماز کورس** نیز تقرری کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

## ﴿11﴾ ذمہ داران کے تقرر اور تبدیلی کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار | تقرری اور تبدیلی کی ترکیب |
|---|---|---|---|
| 1 | ذیلی سطح | ذیلی ذِمہ دار / ذیلی مجلس | کابینہ ذِمہ دار، متعلقہ نِگرانِ ڈِویژن مشاورت کے مشورے سے فرمائیں گے۔ |
| **توجہ فرمائیں**: ذیلی ذِمہ دار / ذیلی مجلس اور اِس کے اراکین کی تبدیلی کے لئے زون ذِمہ دار کی اِجازت ضروری ہے۔ | | | |
| 2 | کابینہ | کابینہ سطح پر 3 رُکنی مجلس | زون ذِمہ دار، متعلقہ نِگرانِ کابینہ کی مشاورت سے فرمائیں گے۔ |
| **توجہ فرمائیں**: کابینہ ذِمہ دار اور 3 رُکنی مجلس کی تبدیلی کے لئے رِیجن ذمہ دار کی اِجازت ضروری ہے۔ | | | |
| 3 | زون | زون ذِمہ دار | رِیجن ذِمہ دار، نِگرانِ زون کی مشاورت سے فرمائیں گے۔ |
| 4 | رِیجن | رِیجن ذِمہ دار | نِگرانِ مجلس، نِگرانِ رِیجن کی مشاورت سے فرمائیں گے، نِگرانِ رِیجن کی اجازت ضروری ہے |
| **توجہ فرمائیں**: زون اور رِیجن ذِمہ دار کی تبدیلی کے لئے نِگرانِ مجلس (پاکستان) کی اجازت ضروری ہے۔ | | | |
| 5 | مُلک | نگرانِ مجلس | نگرانِ مجلس کی تقرری یا تبدیلی شعبے کے متعلقہ رُکنِ شوریٰ اور نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔ |
| 6 | مرکزی مجلس شوریٰ | رُکنِ شوریٰ | |
| اِس نِظام میں بیرونِ ملک کے ذِمہ داران، نِگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شوریٰ) کی اجازت سے ضرورتاً تبدیلی کر سکتے ہیں۔ | | | |

﴿12﴾ کابینہ سطح پر 3 رُکنی مجلس ہوگی، اس مجلس کا نِگران، رُکنِ کابینہ ہوگا ❁ رِیجن ذِمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں

۔(امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں) ❁ ذیلی سطح پر شعبہ ذِمہ دار بنایا جائے، اس کے ساتھ 3 رُکنی مجلس ہوگی، ہر شعبے کی الگ الگ مجلس بنائی جائے (مثلاً جہاں جہاں ائیر پورٹ، ریلوے وگُڈز اسٹیشن، بس اور ٹیکسی اسٹینڈ وغیرہ ہوں وہاں ذیلی مجلس بنائی جائے گی) ❁ جہاں جہاں ممکن ہو **مجلسِ ذرائع آمدورفت** اور متعلقہ نِگران کے مشورے سے مجلس کے مختلف ذیلی شعبہ جات میں ضرورت کے تحت مجالس بنائی جائیں مثلاً مجلس مدنی انعامات، مجلس قافلہ، مجلس تقسیمِ رسائل، مجلسِ رابطہ اور مجلسِ تاجران وغیرہ۔

## ﴾13﴿ مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4 | نِگرانِ کابینہ / کابینہ ذِمہ دار | کابینہ | ذیلی مجالس و کابینہ سطح کی 3 رُکنی مجلس | انفرادی کارکردگی، پیشگی شیڈول و شیڈول کارکردگی، ذِمہ داران کا تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ اور اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 5 | نِگرانِ زون / زون ذِمہ دار | زون | کابینہ ذِمہ داران (بہتر یہ ہے کہ ہر کابینہ کی 3 رکنی مجلس شرکت کرے) | // |
| 3 | 6 | نِگرانِ رِیجن / رِیجن ذِمہ دار | رِیجن | اراکینِ زون | // |
| 4 | 7 | رُکنِ شوریٰ / نِگرانِ مجلس | مُلک | رِیجن ذِمہ داران | // |

**وضاحت**: رُکنِ شوریٰ / نِگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس (رِیجن ذِمہ داران) کا ہر ماہ (ایک ماہ بالمشافہ اور ایک ماہ بذریعہ اِنٹرنیٹ) مدنی مشورہ فرمائیں بقیہ تمام سطح کے ذِمہ داران ہر ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ فرمائیں۔

﴾14﴿ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نِگران سے اجازت ضروری ہے ❁ جب متعلقہ نِگران / بڑی سطح کے ذِمہ دار، کسی سطح کے ذِمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اُس ماہ اُن کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا (مثلاً نِگرانِ رِیجن یا رُکنِ شوریٰ نے، رِیجن کے زون یا کابینہ ذِمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیا تو اب نِگرانِ مجلس اور رِیجن ذِمہ دار، دوبارہ ان کا مدنی مشورہ نہیں کریں گے) نوٹ:۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نِگران سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مدنی مشورہ کروانا مفید ہے)

﴾15﴿ متعلقہ رُکنِ شوریٰ اور نِگرانِ زون کی اِجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے ذِمہ داران کے سُنّتوں بھرے اِجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پُرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴾16﴿ جب بھی کابینہ یا مُلکی سطح پر سُنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب ہو تو اس کی تیاری کیلئے اِجتماع سے پہلے 1 ماہ، 12 دِن اور 3 دِن کے قافلے سفر کروائیں جو اِن کے مختلف مقامات مثلاً (ائیر پورٹ، ریلوے وگُڈز اسٹیشن، بس اور ٹیکسی اسٹینڈ وغیرہ) کی قریبی مساجد میں ٹھہرائے جائیں اور پھر اِجتماع سے ہاتھوں ہاتھ 1 ماہ، 12 دِن اور 3 دِن کے قافلے سفر کروائیں جو مجلسِ قافلہ کے مشورے سے ان سے متعلقہ مساجد میں ٹھہرائے جائیں۔

﴾17﴿ کابینہ، ملکی سطح یا بڑی راتوں کے اجتماعات میں (اِجتماع گاہ میں) بستے کی ترکیب کی جائے۔

❁ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذِمہ داران** کے سُنّتوں بھرے **اِجتماعات** کے لیے اوّلاً "**اِجازت نامہ**" مکمل پُر کرکے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے "**اِجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذِمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**" کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کرلیجئے، یہ اِجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے ای میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

﴾18﴿ **ہر سطح کے ذِمہ دار ہر ماہ کی مقررہ تاریخ تک کارکردگی اپنے متعلقہ نِگران** (مثلاً نِگرانِ پاک کابینہ/ نِگرانِ رِیجن/ نِگرانِ زون وغیرہ) اور شعبہ نِگران مثلاً (رُکنِ شوریٰ/ نِگرانِ مجلس/ رِیجن ذِمہ دار/ زون ذِمہ دار وغیرہ) کو ای میل کریں۔ (یاد رہے! کارکردگی مدنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نِگران کو کارکردگی پیش کریں)

### ❁ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:

❁ ذیلی مجلس: 2 ❁ کابینہ: 4 ❁ زون: 5 ❁ رِیجن: 6 ❁ مُلک: 7

﴾19﴿ ہر ذِمہ دار ہر ماہ کا پیشگی شیڈول عیسوی ماہ کی 19 سے 22 تاریخ تک مجلس جدول و جائزہ سے منظور کروائے پھر پیشگی اِطلاع اور تیاری کے ساتھ اپنے پیشگی شیڈول پر عمل کرے اور مہینا مکمل ہونے کے بعد یکم (1) سے 3 تاریخ تک شیڈول کارکردگی اپنے (متعلقہ نگرانِ مشاورت، شعبہ ذِمہ دار اور مجلس جدول و جائزہ) کو پیش کرے۔

﴾20﴿ متعلقہ نِگران سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نِگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

**﴿21﴾ ذِمہ داران اپنی دنیااورآخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کواپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِاہلسنت ، بہارِشریعت ،فتاویٰ رضویہ،احیاءالعلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔(ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے ''**مدنی مذاکرے**'' میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنایئے،اس کی بَرَکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز ''مدنی انعام نمبر: 47''پرعمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے،اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈز(Memory Cards)سننے کا بھی سلسلہ رکھیے،اِس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ)

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں،روزانہ کم ازکم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صَرف کیجئے مثلاً قافلے میں سفراور مدنی انعامات پرعمل کے لئے روزانہ غوروفِکر کا ذہن دینے کے لیے کم ازکم 2اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش،علاقائی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان،بعدِ فجر مَدَنی حلقہ،صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ غوروفِکر کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی اِنعامات کا رسالہ اپنے ذِمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم ازکم 3 دِن شیڈول کے مطابق قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی عطا کردہ مستقل قُفلِ مدینہ تحریک کا حصہ بنتے ہوئے بِلا ناغہ غوروفِکر کرتے ہوئے عطّار کا **دوست**، **پیارا**، **منظورِ نظر اور محبوبِ عطّار** بننے کی کوشش جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم ازکم 3 دِن کے قافلے میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ اِشارے میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ ذِمہ داران، **مدنی انعام نمبر 47** پرعمل کرتے ہوئے روزانہ کم ازکم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** **(Recorded)** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی درخواست ہے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، پاکستان انتظامی کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں، تنظیمی ذِمہ داریوں (Job Description) کے نِکات، شعبے کے مدنی پھولوں اور کارکردگی فارمز کا خود بھی مطالعہ کریں، سمجھیں، اپنے پاس محفوظ کریں اور متعلقہ تمام ذِمہ داران تک بروقت پہنچائیں اور اُن سے پہنچنے کی کنفرمیشن بھی کریں، اِنہیں سمجھائیں اور پھر نِفاذ کریں۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرہ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مدنی اِنعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مدنی اِنعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات (زون)، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مدنی اِنعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**﴿22﴾ یاد رہے** کہ متعلقہ رُکنِ شوریٰ ضرورتاً اِن مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں ❁ **بیرونِ ملک** کے ذِمہ داران متعلقہ رُکنِ شوریٰ کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم واضافہ کر سکتے ہیں۔

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ

**تاریخِ اِجراء** (اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۱۷ ربیع الاخر ۱۴۴۱ھ / 15 دسمبر 2019ء